# ٹیکنیکل انٹرن ٹرینی افراد کے لئے جو بحیثیت پناہ گزین منظوری کی درخواست پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں۔

فروری 2018

امیگریشن بیورو، وزارت انصاف

وزارت انصاف تا حال جائز طور پر جاپان میں مقیم غیر ملکی افراد کو بحیثیت پناہ گزین منظوری کی درخواست پیش کرنے کی صورت میں، یہ جمع کروانے کے 6 ماہ گزرنے کے بعد، اصولی طور پر کام کرنے کی اجازت دیتی تھی۔ لیکن 15 جنوری 2018 کو ایسے درخواست دہندگان کو فراہم کیے جانے والے رہائشی درجے (اسٹیٹس آف ریزیڈینس) کے سلسلے میں ترمیم عمل میں لائی گئی ہے جن کی بحیثیت پناہ گزین منظوری یا نا منظوری کا فیصلہ ہونا ابھی باقی ہے۔

بالخصوص، ٹیکنیکل انٹرن ٹرینی افراد کے ضمن میں، یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اگر وہ ٹیکنیکل انٹرن ٹریننگ سینٹر سے مستقل غیر حاضر رہنے کی صورت میں یا ٹیکنیکل انٹرن ٹریننگ کا کورس مکمل کرنے کے بعد بحیثیت پناہ گزین منظوری کی درخواست پیش کریں تو یہ جمع کروانے کے 6 ماہ گزرنے کے بعد بھی اصولی طور پر کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

(نوٹ 1) ٹیکنیکل انٹرن ٹریننگ کے دوران بھی ٹیکنیکل انٹرن ٹرینی افراد بحیثیت پناہ گزین منظوری کی درخواست پیش کرنے کے اہل ہوں گے۔

(نوٹ 2) کام کرنے کی اجازت صرف ان دو صورتوں میں دی جائے گی اگر ان کا ریفیوجی کنوینشن 1951 سے مشروط پناہ گزین ہونے کا قوی امکان ہو یا اگر وہ اپنے ملک کی صورت حال کے پیش نظر انسانی حقوق کی بنیاد پر خاص توجہ کے مستحق ہوں۔

علاوہ ازیں، اگر آپ یہ محسوس کریں کہ آپ کا متعلقہ ٹیکنیکل انٹرن ٹریننگ سینٹر کسی قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب ہے یا اگر آپ کو ٹریننگ جاری رکھنے میں کسی قسم کا اندیشہ ہو یا اسی قسم کی دوسری صورت میں، مشورے کے لئے آرگنائزیشن فار ٹیکنیکل انٹرن ٹریننگ (OTIT) سے رجوع کریں (ٹیکنیکل انٹرن ٹرینی ہینڈبک کا صحفہ 64 یا اس کے بعد کے صحفات ملاحظہ فرمائیں)۔